**12.01.2026**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ....................... ارجمند علی خان

**Music**

~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~

☆ وزیراعظم نریندر مودی نے گجرات کے گاندھی نگر میں مہاتما مندر کے مقام پر جرمنی کے چانسلر Merz کے ساتھ وفود کی سطح کی بات چیت کی۔ وزیراعظم نے زور دے کر کہا کہ بھارت اور جرمنی کے درمیان قریبی اشتراک مجموعی لحاظ سے انسانیت کیلئے اہمیت کا حامل ہے۔

☆ بھارت -جرمنی CEO فورم سے خطاب کرتے ہوئے جناب مودی نے کہا کہ بھارت گرین ہائیڈروجن، شمسی اور بایو ایندھن کے شعبے میں دنیا کا سرکردہ ملک بننے کی جانب گامزن ہے۔

☆ آج نوجوانوں کے قومی دن کے موقعے پر سوامی وویکانند کو خراجِ عقیدت پیش کیا جا رہا ہے۔

☆ ایران میں سرکاری مخالف مظاہرے 16ویں دن بھی جاری ہیں۔ صدر ٹرمپ نے ایران کے رہنماؤں کے ساتھ مذاکرات کا عندیہ دیا ہے۔

☆ گولڈن گلوب تقریب میں Leonardo DiCaprio کی فلم "One Battle After Another" کو پانچ ایوارڈس ملے ہیں۔ Hamnet کو بہترین ڈراما فلم کا ایوارڈ دیا گیا۔

☆ موسمیات محکمے نے راجستھان، ہماچل پردیش اور اترپردیش میں گھرے کہرے کی پیش گوئی کی ہے۔

~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~

**Music**

اب خبریں تفصیل سے............

PM Briefing

وزیراعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ بھارت نے جرمنی کے ساتھ اپنی دوستی اور ساجھیداری کو مزید مستحکم بنانے کا تہیہ کر رکھا ہے۔ گجرات کے شہر احمد آباد میں جرمنی کے چانسلر Friedrich Merz کے ساتھ مشترکہ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے جناب مودی نے کہا کہ اپنا عہدہ سنبھالنے کے بعد چانسلر Merz کے بھارت اور ایشیا کے پہلے دورے سے اِس بات کی عکاسی ہوتی ہے کہ وہ بھارت کے ساتھ تعلقات کو کس قدر اہمیت دیتے ہیں۔

وزیراعظم نے مزید کہا کہ اُن کا دورہ ایک خاص وقت میں ہو رہا ہے جس سے باہمی تعلقات کیلئے اِس کی اہمیت اور بھی بڑھ گئی ہے۔ جناب مودی نے کہا کہ بھارت اور جرمنی کی کلیدی ساجھیداری کو پچھلے سال 25 سال مکمل ہوگئے اور اِس سال دونوں ملک اپنے سفارتی تعلقات کے 75 سال مکمل ہونے کا جشن منا رہے ہیں۔

1400-PM - 25 Years

جناب مودی نے کہا کہ بھارت اور جرمنی جیسی بڑی معیشتوں کے درمیان قریبی اشتراک مجموعی لحاظ سے انسانیت کیلئے اہمیت کا حامل ہے اور بڑھتے ہوئے تجارتی اور سرمایہ کاری تعلقات سے کلیدی ساجھیداری میں نئی توانائی پیدا ہوئی ہے۔

1400-PM - Stratetic Partnership

وزیراعظم نریندر مودی اور جرمنی کے چانسلر Friedrich Merz کی موجودگی میں بھارت اور جرمنی کے درمیان مفاہمت ناموں کا تبادلہ کیا گیا۔

بھارت -جرمنی CEO فورم سے خطاب کرتے ہوئے جناب مودی نے کہا کہ بھارت گرین ہائیڈروجن، شمسی اور بایو ایندھن کے شعبے میں دنیا کا سرکردہ ملک بننے کی جانب گامزن ہے۔x

PM Gujrat

اس سے قبل وزیراعظم مودی اور جرمنی کے چانسلر Merz کے درمیان گاندھی نگر کے مہاتما مندر میں وفود سطح کی بات چیت ہوئی۔ دونوں رہنماؤں نے بھارت-جرمنی کلیدی شراکت داری کی پیش رفت کا بھی جائزہ لیا۔ دو طرفہ بات چیت میں تجارت وسرمایہ کاری اور جدید ٹیکنالوجی پر توجہ مرکوز کی گئی، جبکہ دفاع، ماحول کیلئے سازگار پائیدار ترقی اور سائنس وتحقیق میں اہم شراکت داری کے سلسلے میں پیش رفت پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ دونوں رہنماؤں نے سابرمتی آشرم میں خراج تحسین پیش کیا اور سابرمتی دریا کے کنارے پتنگوں کے بین الاقوامی فیسٹول میں شرکت کی۔ جناب Merz وزیراعظم مودی کی دعوت پر بھارت کے دو روزہ دورے پر آج صبح سویرے احمدآباد پہنچے ہیں۔x

VP JNU

نائب صدر سی پی رادھا کرشنن نے کہا ہے کہ نابرابری دور کرنے، محروم طبقوں کو بااختیار بنانے اور اس بات کو یقینی بنانے کیلئے تعلیم کا استعمال کیا جانا چاہئے کہ ترقی ملک کے ہر گوشے میں پہنچے۔ نائب صدر آج نئی دلّی میں جواہر لال نہرو یونیورسٹی کے تقسیم اسناد کی تقریب میں اظہار خیال کررہے تھے۔ جناب رادھا کرشنن نے کہا کہ تعلیم نہ صرف کردار سازی میں اہم رول ادا کرتی ہے بلکہ یہ ہمارے اندازِ فکر کو بھی مستحکم کرتی ہے۔ انہوں نے طلباء سے زور دے کر کہا کہ وہ ملک کی اقتصادی، سماجی اور سائنسی خوشحالی کیلئے کام کریں۔x

National Youth Day

آج نوجوانوں کا قومی دن منایا جا رہا ہے۔ سوامی وویکانند کے یومِ پیدائش کے موقعے پر نیشنل یوتھ ڈے منایا جاتا ہے۔

صدرِ جمہوریہ دروپدی مرمو، نائب صدر سی پی رادھا کرشنن اور وزیراعظم نریندر مودی نے سوامی وویکانند کو خراجِ عقیدت پیش کیا۔ نیشنل یوتھ ڈے کے موقعے پر وزیراعظم آج شام نئی دلی میں وکست بھارت ینگ لیڈرس مذاکرات 2026 کے اختتامی اجلاس میں شرکت کریں گے۔ جناب مودی ملک بھر سے آئے ہوئے تقریباً تین ہزار نوجوانوں سے گفتگو کریں گے۔ اِس کے علاوہ بین الاقوامی برادری کی نمائندگی کرنے والے نوجوان مندوبین سے بھی ملیں گے۔

اِس موقعے پر وزیراعظم نریندر مودی بھارت کی ترقیاتی ترجیحات اور ملک کی تعمیر کے طویل مدتی مقاصد کے بارے میں چنندہ مضامین پر مشتمل مجموعے کی رسمِ اجراء بھی انجام دیں گے۔x

MP National Youth Day

مدھیہ پردیش کے وزیراعلیٰ ڈاکٹر موہن یادو نے سوامی وویکانند کے یوم پیدائش پر اُنہیں خراج عقیدت پیش کیا اور لوگوں کو، نوجوانوں کے قومی دن کے موقع پر مبارک باد پیش کی۔ اس موقع پر نوجوانوں، یوگا اور اچھی حکمرانی سے متعلق مختلف پروگراموں کا انعقاد کیا گیا۔

پیش ہے ایک رپورٹ۔ V-C Vipin Mishra

اس موقع پر وزیراعلیٰ ڈاکٹر موہن یادو نے کہا کہ سوامی وویکانند نے روحانی طاقت اور نظریات کے ذریعہ معاشرے کی فلاح و بہبود کی راہ دکھائی اور ملک کی تعمیر میں سرگرم رول ادا کرنے کی خاطر نوجوانوں کو تحریک دی۔ وزیراعلیٰ کی موجودگی میں ریاستی سطح کے بڑے پیمانے پر سوریہ نمسکار پروگرام کا بھی اہتمام کیا گیا۔

S/B Chief Minister Mohan Yadav

اس دوران بھوپال میں کھیلو انڈیا ایم پی یوتھ گیمز کا بھی افتتاح کیا گیا۔ یہ تقریب ریاست کے نوجوان ایتھلیٹس کو اپنے کھیل کا مظاہرہ کرنے کی خاطر ایک پلیٹ فارم فراہم کرے گی۔

بھوپال سے وِپن مشرا کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں......

J&K Search Operation

جموں و کشمیر میں کل شام سامبا، راجوری اور پُنچھ ضلعے میں بین الاقوامی سرحد اور کنٹرول لائن سے متصل کئی علاقوں میں سیکیورٹی فورسز نے مشتبہ ڈرونس کی نقل و حرکت کا نوٹس لیا۔ آکاشوانی جموں کے نامہ نگار نے بتایا ہے کہ یہ ڈرون پاکستان کی طرف سے آئے تھے اور کچھ منٹ بھارتی علاقے کے اوپر پرواز کرنے کے بعد واپس چلے گئے۔

حکام کے مطابق سیکیورٹی فورسز نے سرحدی علاقوں میں مشتبہ ڈرونس کی سرگرمی کا نوٹس لینے کے بعد علاقے میں تلاش کی کارروائی شروع کر رکھی ہے۔ راجوری میں کنٹرول لائن سے متصل نوشیرا سیکٹر کی نگہبانی کرنے والے فوجیوں نے Gania-Kalsian گاؤں کے اوپر ڈرون کی نقل و حرکت دیکھے جانے پر میڈیم اور لائٹ مشین گنوں سے فائرنگ کی۔

Vaishnaw Washington Visit

الیکٹرانکس اور انفارمیشن ٹیکنالوجی کے مرکزی وزیر اشونی ویشنو آج واشنگٹن DC میں اہم معدنیات سے متعلق جی-7 وزارتی میٹنگ میں شرکت کریں گے۔ اس اہم میٹنگ کا مقصد اہم وسائل کیلئے عالمی سپلائی چین کو محفوظ کرنا ہے۔ سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ پر جناب ویشنو نے کہا کہ وکست بھارت کے نظریئے کے حصول کی خاطر اہم معدنیات کی سپلائی چین کو محفوظ بنانا لازمی ہے۔x

Delhi Cold

قومی راجدھانی دلی شدید سردی کی گرفت میں ہے۔ شہر میں آج صبح درجۂ حرارت کم ہوکر دو اعشاریہ 9 ڈگری سیلسیس ہوگیا۔ بھارتی موسمیات محکمے کے مطابق دلی اور قومی راجدھانی خطے کے علاقوں میں پورے ہفتے صبح کے اوقات میں گہرا کہرا چھائے رہنے کی امید ہے۔

ملک کے دیگر حصوں میں رات کا سب سے کم ٹیمپریچر امرتسر میں ایک اعشاریہ ایک ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا جبکہ راجستھان کے Churu میں یہ ایک اعشاریہ تین ڈگری سیلسیس رہا۔x

IMD Weather

بھارتی موسمیات محکمے IMD نے آج راجستھان میں شدید طور پر گہرے کُہرے کیلئے ریڈ الرٹ جاری کیا ہے۔ IMD نے آج ہماچل پردیش اور اترپردیش کیلئے بھی گھنے کُہرے کیلئے اورینج الرٹ جاری کیا ہے۔ IMD کے مطابق جموں وکشمیر، لداخ، اتراکھنڈ، پنجاب، چنڈی گڑھ، ہریانہ، راجستھان، دلّی اور بہار میں آئندہ دو سے تین روز کے دوران گھنا کُہرا چھایا رہے گا۔x

US Iran

ایران میں ملک گیر سرکار مخالف مظاہروں کا آج 16واں دن ہے۔ امریکہ میں قائم انسانی حقوق کے سرگرم کارکنوں کی خبر رساں ایجنسی کے مطابق مرنے والوں کی تعداد 544 ہوگئی ہے۔ پورے ایران میں انٹرنیٹ بند کیے

جانے اور فون لائنس کو منقطع کیے جانے کے باوجود احتجاج میں تیزی آتی جا رہی ہے۔ معلوم ہوا ہے کہ 10 ہزار 600 سے زیادہ لوگوں کو گرفتار کیا گیا ہے۔

اُدھر امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ ایران بات چیت کرنا چاہتا ہے اور وہاں کے لیڈروں کے ساتھ میٹنگ کا بندوبست کیا جا رہا ہے۔ امریکی صدر نے البتہ یہ بھی کہا کہ ایران میں جاری احتجاج اور مظاہرین کے خلاف تشدد کے تناظر میں امریکہ کو مذکورہ میٹنگ سے پہلے کوئی قدم اٹھانا پڑ سکتا ہے۔

دوسری طرف ایران کی پارلیمنٹ کے اسپیکر محمد باقر Qalibaf نے انتباہ دیا ہے کہ ایران جوابی کارروائی کیلئے امریکی فوج اور کمرشل اڈوں کو نشانہ بنانے پر غور کرے گا۔

اسرائیل کے وزیراعظم بنیامن نیتن یاہو نے کہا ہے کہ اسرائیل ایران میں بڑے پیمانے پر ہونے والے احتجاج کے مضمرات پر قریبی نظر رکھے ہوئے ہے۔

اِس سے قبل امریکی صدر ٹرمپ نے ایران میں مداخلت کی دھمکی دی تھی۔ اسرائیل کے وزیراظم نیتن یاہو اور امریکی وزیر خارجہ Marco Rubio نے کل رات ٹیلی فون پر گفتگو کی۔

اقوام متحدہ کے سکریٹری جنرل Antonio Guteress نے ایران کے حکام پر زور دیا ہے کہ وہ جہاں تک ہو سکے، ضبط وتحمل سے کام لیں اور ملک میں جانکاری اور معلومات تک رسائی فراہم کریں۔x

83rd Goldern Globe Award

83 ویں گولڈن گلوب ایوارڈس-2026 کی شاندار تقریب کل رات منعقد ہوئی۔ Leonardo DiCaprio کی فلم One Battle After Another کو بہترین فلم، کامیڈی، معاون اداکارہ، بہترین ڈائریکٹر اور بہترن اسکرین پلے کا ایوارڈ ملا۔ سیکشپیئر کے ڈرامے Hamnet کو، ڈرامے کے زُمرے میں بہترین فلم کا ایوارڈ ملا ہے۔

گولڈن گلوب ایوارڈس 2026 لاس اینجلس کے Beverly Hilton میں منعقد کئے گئے، جس میں فلم اور ٹیلی ویژن میں غیر معمولی حصولیابی کو اعزازات سے نوازا جاتا ہے۔x

Cricket WPL

خواتین پریمیئر لیگ کرکٹ میں، کل رات نَوی ممبئی میں گجرات جائنٹس نے ڈیلی کیپٹلز کو چار رن سے ہرایا۔ ڈیلی کیپٹلز نے ٹاس جیتا اور پہلے گیند بازی کرنے کا فیصلہ کیا۔ گجرات جائنٹس نے مقررو 20 اوورز میں 10 وکٹ پر 209 رن بنائے۔ Sophie Devine نے 42 گیندوں میں شاندار 95 رن بنائے۔ ڈیلی کیپٹلز کی طرف سے نندنی شرما نے چار وکٹ، جبکہ Chinelle Henry اور Shree Charani نے دو-دو وکٹ حاصل کیے۔ جواب میں ڈیلی کیپٹلز کی ٹیم 20 اوورز میں پانچ وکٹ پر 205 رن ہی بناسکی۔

لیگ کا پانچواں میچ آج نوی ممبئی میں رائل چیلنجرز بینگلورو اور یو پی واریئرس کے درمیان کھیلا جائے گا۔ یہ میچ شام ساڑھے سات بجے شروع ہوگا۔×

Cricket ODI

مردوں کے کرکٹ میں، بھارت نے کل رات گجرات کے وڈودرا میں تین ایک روزہ بین الاقوامی میچوں کی سیریز کے پہلے میچ میں نیوزی لینڈ کو 4 وکٹ سے شکست ہرادیا۔ بھارت کو جیت کیلئے 301 رن کا نشانہ ملا تھا اور اُس نے 49 اوورس میں 6 وکٹ کے نقصان پر 306 رن بنائے اور شاندار جیت حاصل کی۔×

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆